© rasailojaraid.com



تاکیدی احکام کے باعث جو تمام ریاستوں کو بھیجے گئے تھے۔ اس مرتبہ ہولی کے موقع پر عموماً ہر جگہ پولیس کے انتظامات نہایت معقول رہے اور مفسدہ پردازوں کی ریشہ دوانیوں کے باوجود تہوار امن و امان سے گذر گیا۔ اس سے اس بات کا بھی ثبوت مل گیا کہ اگر پولیس اسی طرح فرض شناسی اور مستعدی سے کام لیتی رہے تو پھر فتنہ پرور لاکھ چاہیں امن و امان کی فضا کو مکدر نہیں کر سکتے۔ جبلپور کے واقعات کا یہ ردِ عمل ہمارے ملک میں ہوا کہ پاکستان میں بھی یہی اثرات نظر آتے ہیں۔ چنانچہ انڈین ہائی کمیشن پر حملہ کے سلسلہ میں حکومت نے کھلے دل سے اظہار افسوس و معذرت اور نقصان کی تلافی کا وعدہ کیا ہے۔ فسادات کے موقع پر پولیس نے بھی بڑی مستعدی دکھائی۔ اس کی فائرنگ سے کئی مظاہرین ہلاک ہوئے، بہت سے لوگ گرفتار کر لئے گئے جن پر فوجی عدالتوں میں مقدمات چلیں گے۔ علاوہ ازیں حکومت کے ذمہ دار حضرات کی طرف سے اس موقع پر جو اعلانات ہوئے اور بیانات شائع ہوئے ہیں وہ بھی بڑے امید افزا ہیں۔ جبلپور کے واقعات کا یہ ردِ عمل ایک فال نیک ہے۔ ہمارے ملک میں اگر اس کا سبب جنرل الیکشن نہیں ہے اور یہ جو کچھ ہوا ہے ضمیر کی آواز اور عقل و فکر کی بیداری کی راہ سے سچے ارادہ اور عزم محکم کے ساتھ ہوا ہے تو کہا جا سکتا ہے کہ یہ واقعات

خدا شرے برانگیزد کہ خیرِ ما دراں باشد

کا مصداق تھے۔ ولیس ذالک علی اللہ بعزیز۔

---

۴ اور ۵ فروری کو کانپور میں انجمن ترقی اردو کی کل ہند کانفرنس ہوئی۔ تقسیم کے بعد یہ دوسری کل ہند کانفرنس تھی اس لئے امید تھی کہ اجتماع بڑا شاندار ہوگا لیکن ایسا نہیں ہو سکا۔ اگرچہ اس میں دخل موسم کی خرابی کا بھی تھا لیکن بڑی وجہ نشر و اشاعت کا ناقص انتظام اور بعض اندرونی اختلافات کے باعث مقامی لوگوں کا عدم اشتراک تھے۔ باہر سے آنے والے مندوبین و مدعوین کی تعداد دو سو کے لگ بھگ تھی اور کانفرنس میں جو کچھ رونق تھی بس انھیں کے دم سے تھی۔ بہرحال اس کانفرنس کی خصوصیت یہ تھی کہ جناب راماکرشنا راؤ گورنر اتر پردیش نے افتتاح کیا۔ پنڈت ہردے ناتھ کنزرو نے صدارت کی اور صوبہ کے نئے وزیر اعظم چندر بھان گپتا جی نے تقریر کی۔ یہ سب تقریریں شستہ و رفتہ اردو میں تھیں اور ان میں اردو کی لسانی اہمیت اور اس کے حقوق کا صاف لفظوں میں اعلان کیا گیا تھا۔ گپتا جی فراخدل ہونے کے ساتھ بڑے عملی آدمی بھی ہیں اس لئے اگر وہ اپنے وعدے کے مطابق اپنی ریاست میں اردو کے حقوق کی بحالی کا سرو سامان کر سکے تو کانفرنس کا یہی ایک فائدہ کچھ کم نہ ہوگا۔

---

© rasailojaraid.com